**فوری ریلیز کے لیے: 2023/24/2** **گورنر *KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے آئی لو NY سیاہ فام سفری اقدام کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے***

***آئی لو NY سے سیاہ فاموں کے سفری مقامات، تقریبات اور ثقافتی پُرکشش مقامات کو فروغ ملے گا تاکہ سیاہ فام مسافروں کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ ریاست نیو یارک کی سیر کریں***

***آئی لو NY LGBTQ اور قابل رسائی NY پروگرامز پر مبنی ہوں گے تاکہ متنوع آبادیوں میں نیویارک کی سیاحت کو فروغ دیا جائے***

گورنر Kathy Hochul نے آج آئی لو NY سیاہ فام سفری اقدام کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے، جو ریاست نیو یارک کی سیاحت کو بڑھانے اور سیاہ فام مسافروں کی سیاحت میں حوصلہ افزائی کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ ریاست کے سیاہ فام تاریخ والے مہینے کی یادگاری تقریب کے ایک حصے کے طور پر Alvin Ailey امریکن ڈانس تھیٹر میں، گورنر نے یہ اعلان کیا ہے۔ یہ پروگرام ریاست کے سیاحتی پروگراموں جیسے آئی لو NY LGBTQ اور قابل رسائی NY کی کامیابی کو مزید آگے لے جائے گا جو مخصوص سفری کمیونٹیز کے لیے دلچسپی کی منزلوں اور معاونت کو اجاگر کرتے ہیں۔

"یہ نیا آئی لو NY سیاہ فام سفری اقدام، نیویارک کی بے مثال سیاہ فام تاریخ، ثقافت، کھانے پینے، اور فنونِ لطیفہ کا ایک جشن ہو گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "سیاہ فاموں کی تاریخ کو زندگی عطا کرنے والے مقامات اور عجائب گھروں سے لے کر عالمی معیار کے فنونِ لطیفہ اور ثقافتی اداروں جیسے Alvin Ailey امریکی ڈانس تھیٹر تک، نیویارک کے پاس بہت کچھ ایسا ہے جو پیش کیا جا سکتا ہے۔ میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی منتظر ہوں تاکہ سیاہ فام ثقافت کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے ہماری ریاست میں مزید سیاحوں کا خیرمقدم کرنا ممکن ہو۔"

**لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا،** "مجھے فخر ہے کہ ہم جو حیرت انگیز تنوع پیش کرنا چاہتے ہیں ہماری ریاست اس تنوع کو فعال طور پر اُجاگر کرے گی اور دنیا بھر کے مسافروں کو اس بات کی ترغیب دے گی کہ نیویارک میں سیاہ فاموں کی ثقافت کا تجربہ حاصل کریں اور اس کو سراہیں۔"

آئی لو NY کا سیاہ فام سفری اقدام ایک ایسا جامع پروگرام ہو گا جو سیاہ فام مسافروں کے لیے چھٹیاں گزارنے کی ایک شاندار منزل کے طور پر ریاست نیو یارک کو فروغ دے گا۔ آئی لو NY ویب سائٹ پر اس کی ایک مخصوص نمائندگی موجود ہو گی، اور مارکیٹ کی تحقیق اور اسٹیک ہولڈر کی پہنچ پر مبنی ایک پروموشنل مہم چلائی جائے گی جو موجودہ اثاثہ جات کو اجاگر کرے گی اور نئی پروگرامنگ کی معاونت کرے گی تاکہ نیویارک کے سیاہ فاموں کی بے مثال تاریخ، ثقافت، خورد و نوش، فنونِ لطیفہ اور تقریبات کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے، سیاہ فام سیاحوں اور ان کے اہل خانہ کو براہ راست دعوت دی جائے۔

ڈویژن برائے سیاحت، بین الاقوامی سفری تجارتی آپریٹرز کے ساتھ موجودہ تعلقات کو بروئے کار لائے گا تاکہ سیاہ فام سفری سیاحتی پروگرامز بنانے کی حوصلہ افزائی کی جائے اور سفری صحافیوں اور مواد کے تخلیق کاروں کو مصروفِ عمل کیا جائے کہ ریاست نیویارک میں سیاہ فام مسافروں اور ان کے دوستوں اور خاندانوں کے لیے منتظر،

تمام باتوں کا ابلاغ کیا جائے۔ آئی لو NY ریاستی ایجنسی کے دیگر شراکت داروں اور مقامی سیاحت کو فروغ دینے والی ایجنسیوں کے ساتھ بھی معاونت کرے گا تاکہ ان کے سیاہ فام سفر کے پیغام کو وسیع انداز میں پھیلایا جائے۔

ریاست نیویارک میں 2021 تک سیاحت اور سفر کا سالانہ اقتصادی فائدہ 85.5$ بلین ہے، اور یہ ریاستی اور مقامی ٹیکسوں کی مد میں اتنا منافع پیدا کرتا ہے کہ ریاست کے ہر گھرانے کے لیے سالانہ 1,000$ سے زیادہ بچت ممکن ہو۔ سیاحت اور میزبانی کا شعبہ، ریاست کی تیسری بڑی صنعت ہے، جو نجی سیکٹر کی 10 ملازمتوں میں سے ایک شعبے کی معاونت کرتا ہے۔ سیاہ فام مسافروں کی جانب سے مقامی تفریحی سفری مارکیٹ کے 13 فیصد سے زیادہ کی نمائندگی کی جاتی ہے، جو سالانہ 109$ بلین سے زائد خرچ کرتے ہیں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "نیو یارک اپنے تنوع کو تسلیم کرتا ہے، اور ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ دنیا بھر سے آنے والے سیاح، ریاست بھر میں سیاہ فام تاریخ اور ورثے کو منانے کے مواقع کا اعتراف کریں۔ سیاہ فام مسافروں کا دل موہ لینے والی، یہاں کی بے مثال گہرائی اور مختلف قسم کے پُرکشش مقامات کے پیشِ نظر، ان جگہوں، قصے کہانیوں اور لوگوں کو نمایاں مقام دلانے اور ان کا اظہار کرنے کے لیے، یہ پروگرام انتہائی موزوں ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نائب صدر اور سیاحت کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Ross D. Levi نے کہا،** "ریاست بھر کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے آئی لو NY بہت پُرجوش ہے تاکہ اس نئے پروگرام کو بنایا اور شروع کیا جائے، جو کہ دیگر سیاحتی پروگراموں جیسے پاتھ تھرو ہسٹری، آئی لو NY LGBTQ اور قابل رسائی NY کی تکمیل کرے گا۔ یہ نیا اقدام ہماری سفری صنعت کے شراکت داروں کی کوششوں کو بڑھانے اور وسعت دینے میں مدد کرے گا جو پہلے ہی سیاہ فاموں کے سفر کے پُرکشش مقامات کو نمایاں کر رہے ہیں، اور دنیا بھر سے سیاہ فام مسافروں کے لیے دعوت کو وسعت دی جائے گی کہ وہ ریاست نیو یارک میں ایسی چیزیں تلاش کریں جو انہیں پسند ہوں۔"

**Alvin Ailey امریکی ڈانس تھیٹر کے آرٹسٹک ڈائریکٹر Robert Battle نے کہا،** "65 سالوں سے زیادہ مدت گزری جب نیویارک میں سیاہ فاموں کے تجربے سے ایک ادارے نے جنم لیا تھا، اسی لیے ہمیں فخر ہے کہ گورنر Hochul نے، Ailey کے گھر - دی جون ویل مرکز برائے رقص (The Joan Weill Center for Dance) میں۔ اس قابلِ قدر پروگرام کا اعلان کرنے کا فیصلہ کیا ہے - جو یہاں رقص کے دارالحکومت میں رقص کے لیے مختص کردہ سب سے بڑی عمارت ہے۔ آئی لو NY سیاہ فام سفری اقدام کی بدولت، اور Ailey کی پرفارمنسز اور کلاسز سے متاثر ہونے والے مزید سیاحوں کو دیکھتے ہوئے، ہم نیویارک میں دوسروں کے ساتھ دنیا کو خوش آمدید کہنے کے منتظر ہیں۔"

نیو یارک درجنوں زیر زمین ریل روڈ مقامات کا اور ملک میں جونٹینتھ (Juneteenth) کے سب سے بڑے تہواروں میں سے ایک تہوار کا گڑھ ہے۔ Harriet Tubman اور Fredrick Douglass، Sojourner Truth جیسے قائدین کے ساتھ ریاست کے گہرے تعلقات ہیں اور یہی وہ جگہ ہے جہاں سے ہپ ہاپ نے جنم لیا تھا۔ لوئر مینہیٹن میں Jackie Robinson عجائب گھر سے لے کر آبرن کے Harriet Tubman قومی تاریخی پارک تک، بفلو میں کلرڈ میوزیشنز کلب تک، ریاست بھر میں سیاہ فام ثقافت، فنونِ لطیفہ اور ورثے کا جشن منانے والے عجائب گھر اور مقامات تلاش کیے جا سکتے ہیں۔

سیاہ فام مسافروں کے ایک سروے میں، 64 فیصد نے رپورٹ کی کہ کسی منزل کا انتخاب کرتے وقت سیاہ فام ثقافت اور ورثے سے متعلقہ پُرکشش مقامات کی دستیابی اہمیت رکھتی ہے۔ سیاہ فام مسافروں کے ایک اور سروے میں رپورٹ کی گئی ہے کہ سفر کی منزل کا انتخاب کرتے وقت مارکیٹنگ میں تنوع کی موجودگی ایک اہم عنصر ہے، 54 فیصد امریکی مسافروں میں اس بات کا زیادہ امکان موجود ہے کہ وہ اشتہارات میں سیاہ فاموں کی نمائندگی کرنے والی منزل کا سفر کریں گے۔ اپنی مارکیٹنگ میں، آئی لو NY نے پہلے سے ہی متنوع تصاویر شامل کی ہوئی ہیں اور مختلف کمیونٹیز کے لیے موضوعات، پُرکشش مقامات اور دلچسپی کی تقریبات کو فروغ دیا ہے۔ یہ نیا سفری پروگرام، ڈویژن برائے سیاحت کے جزویاتی ترقیاتی کام کا اگلا مرحلہ ہے، جس میں LGBTQ سیاحوں اور مہمانوں کو رسائی کی ضروریات کے ساتھ مخصوص دعوت نامے اور تجاویز شامل ہیں۔

**ریاست نیو یارک کے بارے میں**
ریاست نیو یارک چھٹیاں گزارنے کے لیے ایک اعلیٰ ترین مقام ہے جہاں عالمی سطح کے پُرکشش مقامات، دلکش قدرتی خوبصورتی، مقامی طور پر تیار کردہ کھانے اور تخلیق کردہ مشروبات کا ترقی پاتا ہوا سلسلہ، متنوع رہائش، اور سال بھر کے دوران جاری رہنے والے مثالی تہوار اور تقریبات ہوتی ہیں۔ اس کے چھٹیاں گزارنے والے 11 متنوع علاقوں میں کچھ دنیا میں اعلی درجے کے ساحل ہیں؛ امریکہ کے تین پسندیدہ ترین ریاستی پارکس میں سے دو؛ دم بخود کر دینے والی نیاگرا فالز؛ کسی بھی دوسری ریاست سے بڑھ کر سکیئنگ کرنے کے علاقے؛ سبزے کا طویل ترین قومی موسم؛ متعدد ہالز آف فیم؛ شمالی امریکہ کی طویل ترین، تیز ترین اور بلند ترین زپ لائن؛ ریاست ہائے متحدہ امریکہ سے متصل سرکاری طور پر سب سے بڑا محفوظ کردہ علاقہ؛ اور ملک کی طویل ترین کثیر الاستعمال ٹریل شامل ہے۔ ریاست کے منفرد عجائب گھروں، تاریخی یادگار علامتوں، ثقافتی مقامات، خوبصورت چھوٹے قصبوں اور شہری کھیل کے میدانوں کو بھی شامل کر لیں، اور پھر نیویارک کو سفری و سیاحتی اشاعتوں اور ماہرین کی جانب سے مستقل طور پر منتخب بہترین مقام قرار دیا جانا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔ ریاست نیو یارک میں اپنی اگلی تعطیلات کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے، www.iloveny.com ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418